<u>ہوم سیکرٹری پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی صاحب کے احکامات کی روشنی میں ڈی آئی جی جیل خانہ جات (ملتان ریجن) محسن رفیق چوہدری صاحب نے سب جیل شجاع آباد کا اچانک وزٹ کیا</u>

ڈی آئی جی جیل خانہ جات (ملتان ریجن) محسن رفیق چوہدری صاحب نے سب جیل شجاع آباد کا مکمل وزٹ کیا۔ سپرنٹنڈنٹ سب جیل شجاع آباد ٹیپو سلطان صاحب نے انکا استقبال کیا۔ تفصیلی وزٹ کے دوران ڈپٹی انسپکٹر جنرل صاحب نے نائٹ سکیورٹی چیک کی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ تمام بارکان کا وزٹ کیا اور اسیران کے مسائل سنے۔ کچن اسیران کے وزٹ کے دوران کچن کی صفائی ستھرائی سے لیکر تمام امور کا جائزہ لیا اور بہترین کھانا بنانے پر انتظامیہ کو سراہا۔ ہسپتال ڈسپنسری کا وزٹ کیا اس موقع پر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر شہیر انور نے ادویات اور اسیران کے علاج معالجے کی بریفنگ دی۔ گورنمنٹ آف پنجاب کے قائم کردہ ٹریننگ سینٹرز جن میں ٹیلرنگ سنٹر، باربر شاپ، موٹر سائیکل ورکشاپ، اے سی ریفریجریٹر ورکشاپ کا وزٹ کیا۔ ڈی آئی جی محسن رفیق چوہدری صاحب نے کہا کہ گورنمنٹ آف پنجاب کے وژن کے مطابق اسیران کو ہنر مند بنا رہے ہیں تا کہ بعد از رہائی اسیران ایک باعزت شہری بن کر روزگار کما سکیں اور اپنے اہل و عیال کی کفالت کر سکیں۔ آخر میں جیل باغیچہ کا بھی وزٹ کیا دھان کی بہترین کاشت پر جیل انتظامیہ کو شاباش دی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ صاحب نے ڈی آئی جی صاحب کو بتایا کہ اسیران کے لیے آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر صاحب کے احکامات کے مطابق موسمی سبزیوں کی بھی کاشت کر رہے ہیں۔ آخر میں ڈی آئی جی جیل خانہ جات (ملتان ریجن) سیکورٹی انتظامات اور ایمونیشن کا معائنہ کیا اندرون بیرون ہر طرح کی سکیورٹی پر اطمینان کا اظہار کیا۔